UD-05

December - Examination 2025
B.A. (Part-III) Examination
URDU
(TAREEKH, TANQEED AUR ELECTRONIC MEDIA)
Paper : UD-05

[*Time: **3** Hours*] [*Maximum Marks: **70***]

ہدایت:۔اس پرچہ کو تین حصّوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ حصّہ 'الف' ، 'ب' اور 'ج' ۔ ہر حصّے کے سامنے نمبر تحریر کیے گئے ہیں۔

7×2=14 (حصّہ - الف)

مندرجہ ذیل سوالات میں سے صرف سات (7) کے جوابات دیجئے۔ ہر سوال کے جواب کے لیے زیادہ سے زیادہ تیس (30) الفاظ مقرر ہیں۔

1. (i) "مقدمۂ تاریخ زبان اُردو" کس کی تصنیف ہے؟
(ii) سید سلیمان ندوی نے اُردو کی پیدائش کے متعلق کونسا نظریہ پیش کیا ہے؟
(iii) فورٹ ولیم کالج کے باہر تصنیف لکھی جانے والی پہلی داستان کون سی ہے؟
(iv) جان گل کرسٹ کا تعلق کس کالج سے ہے؟
(v) قطب شاہی دور کے دو شعرا کے نام لکھیے۔
(vi) سوداؔ کا پورا نام لکھیے۔
(vii) سرسید کی مشہور تاریخی تصنیف کا نام لکھیے۔
(viii) انجمن پنجاب کی بنیاد کب رکھی گئی؟
(ix) 'سیرت النعمان' کے مصنف کون ہیں؟
(x) بسملؔ سعیدی کہاں کے رہنے والے تھے؟

4×7=28 (حصّہ - ب)

مندرجہ ذیل سوالات میں سے کل چار (4) سوالات کے جوابات دیجئے۔ ہر جواب کے لئے زیادہ سے زیادہ دو سو (200) الفاظ مقرر ہیں۔

2. ہند آریائی کے جدید دور کا جائزہ لیجئے۔
3. دکنی ادب میں "سب رس" کی اہمیت واضح کیجئے۔
4. عادل شاہی دور کے شعری کارناموں کا جائزہ لیجئے۔

5. علی گڑھ تحریک کا تاریخی پس منظر بیان کیجیے۔

6. جدید نظم کے فروغ میں محمد حسین آزاد کی اہمیت پر روشنی ڈالیے۔

7. اکبرالہ آبادی کی شاعرانہ خصوصیات بیان کیجیے

8. اُردو تنقید کے آغاز وارتقاء پر روشنی ڈالیے۔

9. الکٹرونک میڈیا کیا ہے؟اس سے متعلق ذرائع کا جائزہ لیجیے۔

(حصہ - ج) **2×14=28**

مندرجہ ذیل سوالات میں سے کل دو(2)سوالات کے جوابات دیجیے۔ہر جواب کے لئے زیادہ سے زیادہ پانچ سو(500)الفاظ مقرر ہیں۔

10. دکن میں اُردو شاعری کی ابتدا پر روشنی ڈالئے۔

11. ترقی پسند تحریک کی ادبی خدمات بیان کیجیے۔

12. مولانا حالیؔ کی سوانح نگاری کا جائزہ لیجیے۔

13. راجستھان میں آزادی کے بعد اُردو شعروادب کی مجموعی صورت حال کا جائزہ لیجیے۔